وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کا معذور افراد کے حقوق کے تحفظ پر ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے تحت ویبینار سے خطاب

معذوری کی بنیاد پر کسی کے ساتھ امتیازی سلوک انسان کے موروثی وقار اور انسانی اقدار کے خلاف ہے۔ وفاقی محتسب

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے صدر اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ معذوری کی بنیاد پر کسی بھی شخص کے ساتھ امتیازی سلوک انسان کے موروثی وقار اور انسانی اقدار کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے پائیدار ترقی کی حکمت عملیوں میں معذوری سے متعلقہ مسائل پر موثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ''معذور افراد کے حقوق کے تحفظ میں محتسب اداروں کے کردار'' کے موضوع پر ایک ویبینار میں افتتاحی خطاب کے دوران کیا۔ یہ ویبینار ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے زیر اہتمام معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر منعقد کیا گیا تھا، جو ہر سال 3 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ ویبینار سے جمہوریہ آذربائیجان میں انسانی حقوق کی کمشنر محترمہ سبینا علی یاف نے بھی خطاب کیا، علاوہ ازیں دسمبر 2006ء کو اقوام متحدہ کے کنونشن میں معذور افراد کے حقوق سے متعلق منظور کیے گئے مختلف پہلوؤں کے بارے میں دو ماہرین کی جانب سے مقالے بھی پیش کئے گئے۔ انسانی حقوق اور گڈ گورننس کے فروغ و تحفظ میں محتسب اداروں کے کردار پر زور دیتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام چونکہ سب سے بڑے اسٹیک ہولڈر ہیں، اس لئے ان کے جائز مفادات کا تحفظ ضروری ہے لہٰذا کاروباری و صنعتی حلقوں کو چاہیے کہ وہ کاروباری سرگرمیاں انجام دیتے ہوئے قواعد کے مطابق اپنی کارپوریٹ سماجی ذمہ داریوں کو نظر انداز نہ کریں اور معذور افراد کے سلسلے میں انصاف، مساوات اور عدم امتیاز کے تقاضوں کا خیال رکھیں۔ ویبینار میں، ماہرین تعلیم، انسانی حقوق اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بین الاقوامی شرکاء میں آذربائیجان، بحرین، چین، ہانگ کانگ، ایران، انڈونیشیا، جاپان، ترکی، ازبکستان اور دیگر ممالک سے 47 رکنی ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے رکن ادارے بھی شامل تھے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

03 دسمبر 2025ء